05-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ایک اہم پیشرفت میں ممنوعہ سی پی آئی (ماؤسٹ) پارٹی سے تعلق رکھنے والے 86 ارکان نے آئی جی پی ملٹی زون 1 بھدرادری کوتہ گوڑم چندر شیکھر ریڈی کے سامنے خودسپردگی اختیار کی۔

۲۔مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ نے اعادہ کیا کہ آئندہ سال مارچ کے اختتام تک چھتیس گڑھ سے سرخ دہشت گردی کا خاتمہ کردیا جائے گا۔

۳۔سری سیلم لفٹ بینک کنال (ایس ایل بی سی) ٹنل، ناگر کرنول ضلع تلنگانہ میں جاری بچاؤ آپریشن ہفتہ کے روزنئی رفتار کے ساتھ جاری رہا۔

اور

۴۔سماجی جہدکار و مجاہد آزادی بابو جگجیون کی یوم پیدائش کے موقع پران کو بھرپور خراج عقیدت ریاست بھر میں منعقد کیا گیا۔

BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے ترو ملا ترو پتی دیواستھانم (ٹی ٹی ڈی) کے صدرنشین بی آر نائیڈو پر زور دیا کہ وہ ضلع کریم نگر میں مندر کی تعمیر کے کام میں تیزی پیدا کرے۔انہوں نے بی آر نائیڈو کے نام لکھے گئے مکتوب میں کہا کہ اس مندر کی تعمیر کیلئے 2003 میں سنگ بنیاد رکھا گیا تھا جس کے بعد سے کام میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے۔

AIRPORT:

علاقائی رابطے کو فروغ دینے کے ایک اہم اقدام کے تحت، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے عادل آباد ایئر فورس ایئرپورٹ پر سیول ایوی ایشن سروس شروع کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ تلنگانہ کے ضلع عادل آباد کے عوام کے ایک طویل عرصہ کے مطالبہ کی تکمیل کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ ہفتہ کے روز جاری ایک بیان میں، مرکزی وزیر اور بی جے پی تلنگانہ ریاستی صدر جی کشن ریڈی، جنہوں نے اس اقدام کو آگے بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کیا، نے وزیراعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، اور وزیر شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے تصدیق کی کہ سیول ایوی ایوی ایشن آپریشنس کے ساتھ ساتھ ایئر فورس ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ بھی وہاں قائم کیا جائے گا۔ریڈی نے زور دے کر کہا کہ یہ پیش رفت 'اڑان' اسکیم کے تحت رابطے اور تجارت، خاص طور پر زرعی اعتبار سے مالا مال عادل آباد میں، فروغ دے گی۔انہوں نے ریاستی حکومت پر زور دیا کہ وہ ایرپورٹ کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو تیز کرنے کے لئے اراضی کے حصول کے عمل میں

تیزی لائے۔ یہ اقدام تلنگانہ میں ہوابازی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے مرکز کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، جہاں ورنگل ایرپورٹ کے لئے بھی اسی طرح کی پیش رفت جاری ہے۔

RESCUE:

سری سیلم لفٹ بینک کنال (ایس ایل بی سی) ٹنل، ناگرکرنول ضلع تلنگانہ میں جاری بچاؤ آپریشن ہفتہ کے روز نئی رفتار کے ساتھ جاری رہا۔ایس ایل بی سی ٹنل کے خصوصی آفیسر شیوشنکر جو سینئر حکام کے ساتھ ان لیٹ 1 مقام پر کارروائیوں کی نگرانی کررہے ہیں، نے جاری آپریشنس کے بارے میں تازہ معلومات فراہم کیں۔انہوں نے بتایا کہ حالیہ حادثہ کے بعد سرنگ کے اندر پھنسے 6 افراد کی تلاش کی کوششیں تیز کردی گئی ہیں۔انہوں نے زوردے کرکہا کہ مرکزی اور ریاستی ریسکیو ٹیمیں مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کررہی ہیں اور مختلف چیلنجوں پر قابو پاتے ہوئے ریسکیو آپریشنس کو بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھے ہوئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ کئی اہم کام، جیسے کہ سرنگ کے اندر اسٹیل کے ڈھانچے کو ہٹانا، مٹی کی کھدائی، اور پانی نکالنے کا عمل، ایک ساتھ جاری ہیں۔مٹی اور ملبہ منتقل کرنے کے لئے ایک کنویئر سسٹم کا استعمال کیا جارہا ہے تاکہ کام میں تسلسل برقرار رہے۔وینٹیلیشن کا عمل بھی کھدائی کے کام کے ساتھ ہم آہنگ ہوکر جاری ہے۔جیولوجیکل سروے آف انڈیا (جی ایس آئی) اور آبپاشی محکمہ کے حکام بھی مقام پر موجود ہیں اور تکنیکی رہنمائی وتعاون فراہم کررہے ہیں تاکہ ریسکیو منصوبہ کو ہموار اور مؤثر انداز میں انجام دیا جاسکے۔

WEATHER

آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ میں گرج وچمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے اپنے بلیٹن میں کہا کہ پیرکوکئی مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ میں موسم کے خشک رہنے کا امکان ہے۔عظم ترین درجہ حرارت 37 ڈگری سلسیس کھمم اور نظام آباد میں درج کیا گیا۔

RICE

تلنگانہ کے وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ باریک چاول کی فراہمی کی مفت اسکیم پر بہتر عوامی ردعمل حاصل ہورہا ہے اور یہ ہندوستان کا سب سے بڑا غذائی سلامتی کا قدم ہے۔انہوں نے چیف سکریٹری کے ساتھ کلکٹرس سے گزشتہ روز ویڈیو کانفرنس کے موقع پر کہا کہ یہ اسکیم عوامی بہبود کیلئے گیم چینجر بن گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ تقریباً 3.10 کروڑ افراد یا ریاست کی آبادی کے 85 فیصد افراد کو اس اسکیم سے فائدہ ہوگا۔انہوں نے اس اسکیم کو مثالی سماجی انصاف قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ ہر استفادہ کنندہ کو ماہانہ 6 کلو باریک چاول حاصل ہوگا۔

CPI

ایک اہم پیشرفت میں ممنوعہ سی پی آئی (ماؤسٹ) پارٹی سے تعلق رکھنے والے 86 ارکان نے آئی جی پی ملٹی زون 1 بھدرادری کوتہ گوڑم چندر شیکھر ریڈی کے سامنے خودسپردگی اختیار کی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے چندر شیکھر ریڈی نے کہا کہ خودسپردگی اختیار کرنے والوں میں ایریا کمیٹی کے 4 ارکان، 5 پارٹی ارکان، 8 آر پی سی کمیٹی ارکان اور 27 ملیشیاء ارکان شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِن افراد نے تشدد کی راہ چھوڑتے ہوئے اصل دھارے میں واپس ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے خودسپردگی اختیار کرنے والے ماؤنوازوں کی بہبود اور قبائلی طبقات کی ترقی کو فروغ دینے کے لئے محکمہ پولیس کی جانب سے شروع کردہ پروگرام آپریشن چے یوتا سے جذبہ حاصل کرتے ہوئے خودسپردگی کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2025ء میں مختلف زمروں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 224 ماؤنواز کیڈر نے دو متاثرہ اضلاع میں خودسپردگی اختیار کی ہے۔

SOUND BYTE

UGC - ABROAD:

یو جی سی نے بیرون ممالک تعلیم حاصل کرنے والوں کے لئے معیاری مساواتی فریم ورک قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تا کہ وہ ہندوستان کے اعلیٰ تعلیمی نظام یا ورک فورس میں ضم ہوسکے۔ یو جی سی نے ایک اطلاع میں کہا کہ کمیشن نے ایک شفاف ٹکنالوجی پر مبنی طریقہ کار تیار کیا ہے تا کہ اسکولوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں سے حاصل کردہ غیر ملکی تعلیمی اسناد کو تسلیم کیا جاسکے۔ یو جی سی کے صدرنشین ایم جگدیش کمار نے کہا کہ یہ اقدام نیشنل ایجوکیشن پالیسی 2020ء کے ویژن کے تحت انتہائی اہم ہے جس کا مقصد ہندوستان کو ایک اعلیٰ تعلیمی مرکز میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہندوستانی ادارے بین الاقوامی طلبہ کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں تو ہندوستان کو بیرون ملک حاصل کردہ ڈگریوں کو منصفانہ طور پر تسلیم کرنا ہوگا۔

DRUG:

تلنگانہ اینٹی نارکوٹک بیورو نے سائبر آباد پولیس کے ساتھ مل کر منشیات کے ریاکٹ کو بے نقاب کیا اور دو نائجریائی باشندوں کے علاوہ فاریسٹ ایجنٹ کو گرفتار کیا۔ حیدرآباد کے اوپر پلی میں یہ گرفتاری عمل میں لاتے ہوئے منی لانڈرنگ کا بھی پتہ چلایا گیا۔ عہدیداروں نے ان کے قبضہ سے 15 گرام کوکن، 50 گرام ایم ڈی ایم اے اور 45 ہزار روپے ضبط کئے۔ یہ نائجریائی باشندے حیدرآباد میں مقیم تھے۔ پولیس نے حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے فاریسٹ ایجنٹ محمد متین صدیقی کو بھی گرفتار کیا۔ TGANB کے ڈائرکٹر سندیپ شنڈ ھالیہ نے کہا کہ اس ریاکٹ کا اصل سرغنہ ایبو کاسوزی ہے جو ٹورسٹ ویزا پر ہندوستان آیا۔ اس نے حیدرآباد اور بنگلورو میں منشیات کی سربراہی کی بنیاد بنالیا۔ اس کا تعاون اس کے بھائی نے کیا۔ پولیس اس ریاکٹ میں ملوث دیگر ملزمین کی تلاش کررہی ہے۔

TRIBUTES:

سماجی جہد کار و مجاہد آزادی بابو جگجیون کی یوم پیدائش کے موقع پر ان کو بھرپور خراج عقیدت ریاست بھر میں منعقد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میں ایل بی اسٹیڈیم کے قریب ان کے مجسمہ پر گلہائے عقیدت پیش کیا۔ وزیراعلیٰ کے ساتھ نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ، وزیر پونم پربھاکر اور دوسرے موجود تھے۔ وزیراعلیٰ نے ملک کے لئے ان کی خدمات کے جذبہ کو یاد کیا۔ انہوں نے 118 ویں یوم پیدائش کے موقع پر قومی لیڈر کی خدمات کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ جگجیون رام کی پیدائش غریب خاندان میں ہوئی تھی جو اپنی لگن کے ساتھ اعلیٰ مقام پر فائز ہوئے۔ اس موقع پر ریاست بھر میں بیشتر پروگرام منعقد کئے گئے۔ عوامی نمائندوں کی بڑی تعداد نے بابو جگجیون رام کو یاد کیا۔

AMIT SHAH:

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے اعادہ کیا کہ آئندہ سال مارچ کے اختتام تک چھتیس گڑھ سے سرخ دہشت گردی کا خاتمہ کر دیا جائے گا۔ انہوں نے چھتیس گڑھ کے دنتے واڑہ میں بستر پانڈوم کی اختتامی تقریب کے موقع پر ماونوازوں سے خواہش کی کہ وہ اپنے ہتھیار چھوڑ کر اصل دھارے میں شامل ہو جائے۔

ADD WEATHER:

کئی اضلاع میں درجہ حرارت میں اضافہ ہوا ہے۔ عادل آباد، آصف آباد، نظام آباد، منچریال، جگتیال اور کریم نگر میں درجہ حرارت آج 40 ڈگری سلسیس سے تجاوز کر گیا۔

OO